| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | زبر کا تعارف | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ زبر ِ کی آواز کی پہچان ، ادائیگی اور زبر کے الفاظ کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:** تختہ سفید/سیاہ پر دو حرفی الفاظ لکھیے اور بچوں کو اُن کو پڑھنے میں مدد کریں۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم زبر کی پہچان اور اس سے بننے والے کچھ الفاظ سیکھیں گے۔تختہ سفید سیاہ پر بڑا سا زبر لکھیں۔اور بچوں کو بتائیں کہ یہ زبر ہے یہ الفاظ کے اوپر آتی ہے جیسے دو حروف کو ملانے کے لیے ا، و، ی، ے استعمال ہوتے ہیں۔اسی طرح دو حروف کو ملانے کے لیے زبر "َ" بھی استعمال ہوتا ہے۔مصوتے الف کی یہ آدھی آواز دیتا ہے۔مثالوں کے الفاظ کے فلیش کارڈ دکھایئے۔<br>۔اَب۔بچوں کو پڑھایئے اَ زبر ب = اَب اسی طرح باقی فلیش کارڈ دکھا کر پڑھنے میں مدد کیجیے۔<br>اَم ، اَپ ، چَل<br>بچوں کو بتایئے کہ الف کے دو حروف کے درمیان میں آنے سے لمبی آواز نکلتی ہے جیسے کاٹ۔زبر کے دو حروف کے درمیان آنے سے دونوں حروف مختصر آواز دیتے ہیں جیسے کٹ-چال-راکھ-دام-دم۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو الفاظ کے فلیش کارڈ اور زبر کے فلیش کارڈ دیں۔بچوں سے کہیں کہ لفظ کا فلیش کارڈ نکالیں اور اس کے اوپر زبر لگا کر پڑھ کر بتائیں بچوں سے پڑھائے گئے الفاظ کی املا لیں بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 33 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں کو کہا جائے گا یہاں ایک ہی لفظ کو مختلف علامتوں سے لکھا گیا ہے زبر اور مد سے زبر کے ساتھ لکھنے سے بالکل مختلف لفظ بن جاتا ہے اور مد کے ساتھ لکھنے سے دوسرا لفظ جیسے پہلا لفظ زبر کے ساتھ اب پڑھیں گیا اور یہ کے ساتھ آب پڑھیں گے۔بچوں کو دیگر الفاظ پڑھنے میں مدد کریں۔<br>**اختتامیہ:** بچوں کو تختہ سفید سیاہ پر زبر کی علامت لکھنے اور اس کے الفاظ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:** کاپی پر دیئے گئے الفاظ میں 'زبر' کی علامت لگائیں | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈز<br>زبر فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 33<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا زبر کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | زیر کا تعارف/ہم آواز الفاظ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ زیر ِ کی آواز کی پہچان ، ادائیگی اور زیر کے الفاظ کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو زبر کے الفاظ تختہ سفید/سیاہ پر لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**تعارف:** بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم زیر کی پہچان اور اس سے بننے والے کچھ الفاظ سیکھیں گے۔تختہ سفید/سیاہ پر بڑا سا زیر لکھیں اور بچوں کو بتائیں کہ یہ زیر ہے اور یہ الفاظ کے نیچے آتی ہے۔زیر دو حروف کو ملاتی ہے بورڈ پر'ی' لکھیے اور اس کی آواز پوچھیے۔'ی' کسی سے ملتا ہے تو لمبی آواز دیتا ہے جیسے ج+ی=جی زیر اس کی جگہ ہو تو چھوٹی آواز جِ ہوگی۔جب زیر دو حروف کو ملائے تو چھوٹی آواز کے ساتھ ملے گا جیسے جِس زیر کے الفاظ تختہ سفید/سیاہ پر لکھیں۔دِل ، دِن ، بِل ، جِن ، پھِر ، کھِل<br>**مرکزی سرگرمی:** بچوں کو چار گروپوں میں تقسیم کریں۔بچوں کو بتائیں آج ہم آواز الفاظ بنائیں گے۔بچوں کو الفاظ کے فلیش کارڈز دیں ہر گروپ کو ایک لفظ کا فلیش کارڈ دیں۔<br>گروپ 1۔ مِل ------------------- ----------------------<br>گروپ 2۔ اِن ------------------- ----------------------<br>گروپ 3۔ گِرنا ------------------- ----------------------<br>گروپ 4۔ جِس ------------------- ----------------------<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ ٹوکری میں سے فلیش کارڈ ڈھونڈ کر ان الفاظ کے دو ہم الفاظ بنائیں۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 41 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں کو کہا جائے گا کہ الفاظ کو زیر کے ساتھ پڑھیے اور لکھیے۔زیر بنانے کا درست طریقہ تختہ سفید/سیاہ پر بڑا زیر بنا کر سمجھائیے۔بچے آپ کے ساتھ ہوا میں لکھیں کام کے دوران نگرانی کیجیے کتاب میں دیئے گئے جملوں کو پڑھنے میں بچوں کو مدد کریں۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے کتاب میں لکھے گئے الفاظ تختہ سفید/سیاہ پر لکھوائیں۔<br>**گھر کا کام:** بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 43 کرنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 41<br>کتاب صفحہ نمبر 43 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا زیر کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | پیش کا تعارف | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ پیش کی آواز کی پہچان، کرسکیں ۔ ادائیگی اور پیش کے الفاظ کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو زیرُ ِ ٗ کے الفاظ تختہ سفید/سیاہ پر لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پیش کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم پیش کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھیں گے۔تختہ سفید/سیاہ پر لال رنگ کا پیش کا کٹ آؤٹ لگائیے۔مختلف حروف لکھ کر چپکاتے جائیے اور اُن کی آوازیں پڑھوائیے۔بچوں کو بتائیے کہ یہ الفاظ کے اوپر آتا ہے۔تختہ سفید/سیاہ پر دم کا فلیش کارڈ لگائیے اس کے زبر لگا کر پڑھوائیے پھر زیر لگا کر پڑھوائیے پھر پیش لگا کر پڑھوائیے۔دَم ، دِم ، دُم اسی طرح گَن ، گِن اور گُن کی مثال دیں۔تختہ سفید/سیاہ پر کتاب میں دیئے گئے۔پیش کے الفاظ لکھیں اور بچوں کو پڑھنے میں مدد کریں۔اُس ، اُن ، رُک ، چُپ ، کُل ، گُل۔ | 10 منٹ | فلیش کارڈز<br>الفاظ فلیش کارڈ<br>پیش فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو الفاظ کے فلیش کارڈ اور پیش کے فلیش کارڈز دیں۔بچوں کو کہیے کہ لفظ کے فلیش کارڈ کے اوپر پیش کا فلیش کارڈ رکھیں اور اُس کو پڑھ کر بتائیں۔جیسے کُن ، جُڑ ، گُڑ ، اُڑ ، تُم بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 52 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں کو کہا جائے گا کہ الفاظ کو پیش کے ساتھ پڑھیے اور لکھیے پیش لکھنے کا درست طریقہ تختہ سفید/سیاہ پر بڑا پیش بنا کر سمجھائیے۔بچے آپ کے ساتھ ہوا میں لکھیں کام کے دوران نگرانی کریں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 52 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر پیش کے الفاظ لکھیں بچوں سے کہیے کہ الفاظ کو پڑھیے اور پیش کے گرد دائرہ لگائیے۔<br>**گھر کا کام:** بچوں کو صفحہ نمبر 44 کرنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 44 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | زیر، زبر، پیش کی پہچان | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ زبر، زیر، پیش کی پہچان اور ادائیگی کر سکیں۔ زبر، زیر، پیش کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے پیش کے الفاظ تختہ سفید/سیاہ پر لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا زبر، زیر، پیش کی پہچان اور ادائیگی کرنے پر اور اس کے الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ آج ہم زبر، زیر اور پیش کی دہرائی کریں گے۔ ان کی آوازوں کی پہچان کریں گے اور ان سے بننے والے الفاظ کی دہرائی کریں گے۔ بچوں کو لَیس، نِب، دُم کی تصاویر دکھائیں اور آواز دہرائیں۔ تختہ سفید/سیاہ پر زبر، زیر اور پیش کی آواز والے الفاظ لکھیں اور اُن سے پوچھیں۔<br>زبر: جب ، کل ، بار ، سیر    زیر: کِس ، دِل ، بِل ، تِل ، جِن    پیش: دُم ، کُل ، گُل ، تُم ، چُن | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کھیل کے میدان میں لے کر جایا جائے گا۔ معلّمہ چاک سے فرش پر زبر، زیر اور پیش کے الفاظ لکھے گی۔ پھر بچوں کو کہا جائے گا کہ میں جونسا لفظ بولوں گی آپ نے اُس کے اوپر چھلانگ لگانی ہے باری باری ہر بچے کو اس سرگرمی میں شامل کریں۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 55 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ دیئے گئے الفاظ کو پڑھیے پھر جملوں کو پڑھیں اور خالی جگہ پُر کریں۔ | 20 منٹ | ہوپ سکوچ گیم<br>چاک<br>کتاب صفحہ نمبر 55 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید/سیاہ پر زبر ، زیر اور پیش کے الفاظ لکھوائے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 54 کرنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 54 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | تشدید کا تعارف | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ تشدید کی آواز کی پہچان اور ادائیگی کرسکیں ۔تشدید کے الفاظ کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے زبر، زیر اور پیش کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا تشدید"ّ" کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم تشدید"ّ" کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھیں گے۔بچوں کو بتائیے کہ کچھ حروف ایسے ہوتے ہیں جو الفاظ میں دو بار بولے جاتیں ہیں یا زور اُن پر دیا جاتا ہے۔ان کو لکھا ایک بار جاتا ہے۔اور تشدید کی علامت لگائی جاتی ہے۔مثلاً ب ل ل ی= بلی تختہ سفید/سیاہ پر تشدید"ّ" کی علامت کو بڑا سا لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ ہوا میں لکھیں۔تختہ سفید/سیاہ میں تشدید"ّ" والے الفاظ لکھیں<br>ابّو ، امّی ، بچّہ ، اچّھا ، لڈّو | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو زبر ، زیر ، پیش اور تشدید کے الفاظ کے فلیش کارڈ دیئے جائیں گے۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ ان فلیش کارڈز میں تشدید کے الفاظ الگ کریں اور اُن کو پڑھ کے بتائیں بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 83 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں کو کہا جائے گا کہ الفاظ کو پڑھیے اور لکھیے کام کے دوران نگرانی کیجیے اور جہاں مدد کی ضرورت ہے وہاں بچوں کی مدد کریں۔ | 20 منٹ | فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 83 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو تختہ سفید/سیاہ پر الفاظ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:** بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 42 کرنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 42 | |